# حکومتِ پاکستان

## ۲۰۲۶ جون

# ہفتہ وار موسم کی صورتحال





## ہفتہ - ۴

## ۲۲ - ۳۰ جون


**قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز**

**محکمہ موسمیات، پطرس بخاری روڈ، پوسٹ باکس نمبر۔ ۱۲۱۴، سیکٹر ایچ ۸/۲**

**اسلام آباد، پاکستان**


# حکومت پاکستان
# محکمہ موسمیات
## قومی خشک سالی کی نگرانی اور ابتدائی انتباہی مرکز
## هفتہ وار موسم کی صورتحال

فون:9250598- 051
فیکس:9250368- 051


مورخہ ۲ جولائی۲۰۲۶

جون 2026 کے چوتھے ہفتے 22 تا 30جون کے دوران ملک کے بعض علاقوں میں ہلکی بارش ریکارڈ کی گئی۔ تصویر 1 میں بارش کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے، جس کے مطابق خیبر پختونخوا، کشمیر، گلگت بلتستان، پنجاب کے شمال مشرقی اور جنوبی علاقوں میں بارش ہوئی۔ بلوچستان میں شمالی اور وسطی علاقوں میں بارش ریکارڈ کی گئی، جبکہ صوبہ بلوچستان کے دیگر بیشتر حصے اور صوبہ سندھ خشک رہے۔

تصویر 2 میں 2020–1991کے موسمی اوسط کے مقابلے میں ہفتہ وار بارش کا انحراف (Departure) دکھایا گیا ہے۔ اس عرصے کے دوران پاکستان کے بیشتر علاقوں میں بارش معمول سے کم رہی، جہاں منفی انحراف 5سے 40 ملی میٹر تک ریکارڈ کیا گیا، خصوصاً کشمیر، شمالی و مشرقی پنجاب، بلوچستان کے بیشتر حصے اور صوبہ سندھ ۔ تاہم بہاولپور، ژوب اور خضدار میں معمول سے زیادہ بارش ریکارڈ کی گئی، جہاں مثبت انحراف 16 ملی میٹر تک پہنچا۔





تصویر-۱: بارش کی مقامی تقسیم





تصویر-۲: بارش کا معمول سے انحراف

تصویر 3 میں جون 2026 کے چوتھے ہفتے کے دوران پاکستان میں اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ اس عرصے کے دوران ملک میں اوسط درجہ حرارت تقریباً 20سے 40 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔ سندھ، پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں اوسط درجہ حرارت 34سے 40 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا، جبکہ خیبر پختونخوا، کشمیر اور گلگت بلتستان میں اوسط درجہ حرارت 26سے36ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہا۔

تصویر 4 میں 2020–1991کے موسمی اوسط کے مقابلے میں ہفتہ وار اوسط درجہ حرارت کا انحراف (Departure) دکھایا گیا ہے۔ اس ہفتے کے دوران ملک کے بیشتر علاقوں میں درجہ حرارت مجموعی طور پر معمول کے قریب رہا، تاہم کئی مقامات پر یہ 1سے 7ڈگری سینٹی گریڈ تک معمول سے زیادہ ریکارڈ کیا گیا۔





تصویر-۳: اوسط درجہ حرارت کی مقامی تقسیم





تصویر-۴: اوسط درجہ حرارت کا معمول سے انحراف

تصویر 5 کے دوران 2020–1991 کے موسمی اوسط کی بنیاد پر بارش کی جغرافیائی تقسیم ظاہر کی گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق ملک میں بارش کی تقسیم میں واضح علاقائی تفاوت پایا جاتا ہے۔ ملک کے بیشتر علاقوں میں ہفتہ وار معمول کی بارش 1 سے 25 ملی میٹر کے درمیان رہتی ہے، جبکہ بالائی پنجاب، خیبر پختونخوا کے بعض علاقوں اور کشمیر میں معمول کی ہفتہ وار بارش 25 سے 100 ملی میٹر تک ریکارڈ کی جاتی ہے۔

تصویر 6 میں 22 تا 30 جون کے دوران 2020–1991 کے موسمی اوسط کی بنیاد پر اوسط درجہ حرارت کی جغرافیائی تقسیم دکھائی گئی ہے۔ اس عرصے میں ملک بھر کا معمول کا اوسط درجہ حرارت تقریباً 14 سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔ سندھ، جنوبی پنجاب اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں میں معمول کا اوسط درجہ حرارت 32 سے 38 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا جاتا ہے، جبکہ خیبر پختونخوا، مغربی پنجاب، کشمیر اور گلگت بلتستان میں معمول کا اوسط درجہ حرارت 24 سے 32 ڈگری سینٹی گریڈ کے درمیان رہتا ہے۔





تصویر-۵: بارش کے معمول کی مقامی تقسیم




تصویر-٦: اوسط درجہ حرارت کے معمول کی مقامی تقسیم

تصویر 7 میں ناسا کے GRACE-FO سیٹلائٹ سے حاصل کردہ مشاہدات کی بنیاد پر زمینی آبی ذخائر (Terrestrial Water Storage) کی بے قاعدگیوں (Anomalies) کو ظاہر کیا گیا ہے، جو 16 تا 22 جون کے دوران مٹی میں نمی کی صورتحال کو 2012–1948 کے طویل المدتی اوسط کے مقابلے میں پیش کرتی ہیں۔ خشک سالی کے اشاریے فیصدی درجات (Percentiles) کی صورت میں ظاہر کیے گئے ہیں، جہاں کم فیصدی درجات (نارنجی سے سرخ رنگ) معمول سے کم نمی (خشک حالات) جبکہ زیادہ فیصدی درجات (سبز سے نیلے رنگ) معمول سے زیادہ نمی (مرطوب حالات) کی نشاندہی کرتے ہیں۔

اعداد و شمار کے مطابق مغربی بلوچستان، خیبر پختونخوا کے بیشتر علاقوں، کشمیر اور مشرقی پنجاب میں مٹی کی نمی معمول سے کم ریکارڈ کی گئی، جو آبی دباؤ (Hydrological Stress) کی نشاندہی کرتی ہے۔ اس کے برعکس سندھ اور بلوچستان کے بیشتر علاقوں (مغربی بلوچستان کے علاوہ) میں مٹی کی نمی معمول سے زیادہ ریکارڈ کی گئی۔




تصویر-۷: زمین کی سطح پر نمی کی مقدار

## یکم تا 7 جولائی 2026 کی موسمی پیش گوئی

پاکستان کے بیشتر علاقوں میں گرم اور مرطوب موسم متوقع ہے، جبکہ میدانی علاقوں میں خصوصاً پیش گوئی کے ابتدائی حصے کے دوران شدید گرم اور حبس والا موسم برقرار رہنے کا امکان ہے۔ تاہم، خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، اسلام آباد، بالائی و وسطی پنجاب اور شمال مشرقی بلوچستان میں آندھی / گرج چمک کے ساتھ بارش کا امکان ہے۔

سب سے زیادہ وسیع پیمانے پر بارش کی سرگرمی 02 سے 06 جولائی کے دوران متوقع ہے، جبکہ پوٹھوہار ریجن اور شمال مشرقی پنجاب میں چند مقامات پر درمیانی سے موسلا دھار بارش ہونے کا امکان ہے 07 جولائی کو بارش کی شدت اور پھیلاؤ میں کمی متوقع ہے، اور اس کا سلسلہ زیادہ تر بالائی خیبر پختونخوا، گلگت بلتستان، کشمیر، شمال مشرقی پنجاب اور شمال مشرقی بلوچستان تک محدود رہنے کا امکان ہے۔

ملک کے دیگر بیشتر علاقوں میں مجموعی طور پر گرم اور مرطوب موسم برقرار رہے گا، تاہم بارش والے علاقوں میں موسم میں عارضی طور پر بہتری اور گرمی کی شدت میں کمی متوقع ہے۔

GOVERNMENT OF PAKISTAN

JUNE

2026

# WEEKLY WEATHER UPDATE



## WEEK-4



22nd- 30st June

**National Drought Monitoring and Early Warning Centre**

PMD, Pitras Bokhari Road, Post Box No. 1214, Sector H-8/2,

Islamabad, Pakistan

URL: https://ndmc.pmd.gov.pk/new/

**GOVERNMENT OF PAKISTAN**
**PAKISTAN METEOROLOGICAL DEPARTMENT**
**(National Drought Monitoring Centre)**
**Islamabad**

Dated: 2nd July, 2026

Tel: 051-9250598
Fax: 051-9250368

# Weekly Weather Update

During the fourth week of June 2026 (22-30 June), Light rainfall was recorded in parts of the country. Figure 1 shows the spatial distribution of rainfall, indicating rainfall over Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir, Gilgit Baltistan, north eastern and southern parts of Punjab. In Balochistan, Northern and central parts received rainfall, while the rest of Balochistan and Sindh remained dry. Figure 2 shows the departure of weekly rainfall from the normal (1991-2020), rainfall remained below normal across most parts of Pakistan, with negative departures ranging from -40 to -5 mm, particularly over Kashmir, northern and eastern parts of Punjab, most parts of Balochistan and Sindh. However, above-normal rainfall was recorded in Bahawalpur (Punjab) and parts of Baluchistan (Zhob and Khuzdar) where positive departures reached up to 16mm.




*Figure 1: Spatial Distribution of Rainfall (mm)*




*Figure 2: Departure of Rainfall (mm)*

Figure 3 shows the spatial distribution of mean temperature across Pakistan during the fourth week of June 2026 (June 22-30). Mean temperatures ranged from approximately 20°C to 40°C across the country. Sindh, Punjab and most of Balochistan recorded the highest mean temperatures, ranging from 34°C to 40°C. Khyber Pakhtunkhwa, Kashmir and Gilgit-Baltistan experienced mean temperatures between 26°C and 36°C. Figure 4 presents the departure of weekly mean temperature from the climatological average (1991-2020). During this week, temperatures remained near normal across most of the country, with positive departures of 1°C to 7°C.





*Figure 3: Spatial Distribution of Mean Temperature (°C)*





*Figure 4: Departure of Mean Temperature (°C)*

Figure 5 shows the climatological average geographical distribution of rainfall during 22-30 June based on the period (1991-2020). The data highlight a pronounced spatial heterogeneity, with most areas exhibiting weekly normals in the range of 1–25 mm, while the upper Punjab, parts of KPK and Kashmir region typically receive 25-100 mm of rainfall.

Figure 6 shows the geographical distribution of average temperature during 22-30 June based on the period (1991-2020). The normal average temperature across the country ranges from about 14 to 38 degrees Celsius. The normal average temperature is recorded in the range of 32 to 38 degrees Celsius in Sindh, southern Punjab and most of Balochistan. In contrast, the normal average temperature in Khyber Pakhtunkhwa, western parts of Punjab, Kashmir and Gilgit-Baltistan ranges between 24 and 32 degrees Celsius.





*Figure 5: Spatial Distribution of normal rainfall (mm)*





*Figure 6: Spatial Distribution of normal temperature (°C)*

Figure 7 illustrates the anomalies in terrestrial water storage derived from NASA's GRACE-FO satellite observations, depicting soil moisture conditions during June 16 to 22, compared with the long-term average (1948-2012). Indicators of drought are presented in percentiles where lower percentiles (orange to red shades) represent drier-than-normal conditions and higher percentiles (green to blue shades) indicate wetter-than-normal conditions.

Below-normal moisture levels were observed in western Balochistan, most parts of KPK, Kashmir and eastern Punjab, indicating hydrological stress. Conversely, above-average moisture conditions were observed in Sindh, most parts of Balochistan apart from western Balochistan.





*Figure 7: Surface Soil Moisture (Percentile)*

## Forecast for 1st to 7th July, 2026

Hot and humid weather is expected over most parts of Pakistan, with very hot and humid conditions prevailing over the plain areas, particularly during the early part of the forecast period. However, rain-wind/thunderstorm activity is likely in Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, Islamabad, upper and central Punjab, and northeastern Balochistan. The most widespread rainfall activity is expected during 02–06 July, with isolated moderate to heavy falls likely over the Potohar region and northeastern Punjab. Rainfall is expected to decrease on 07 July, remaining mainly confined to upper Khyber Pakhtunkhwa, Gilgit-Baltistan, Kashmir, northeastern Punjab, and northeastern Balochistan. Overall, hot and humid conditions are expected to persist over the remaining parts of the country, with temporary relief in areas receiving rainfall.

For drought update, visit NDMC official website:
https://ndmc.pmd.gov.pk/new/bulletins.php